روزنامہ

FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 16/اکتوبر 2008ء 16 شوال 1429 ہجری 16/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 236

جنگ موتہ کے شہید

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ جنگ موتہ کے وقت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا زید نے جھنڈا لیا۔ وہ شہید ہوئے۔ پھر جعفر نے اسے لے لیا وہ بھی شہید ہوئے۔ پھر عبداللہ بن رواحہ نے اسے لیا وہ بھی شہید ہوئے اس وقت آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ پھر خالد بن ولید نے جھنڈا لیا اور انہیں فتح ہوئی۔

(صحیح بخاری کتاب الجنائز باب الرجل ینعٰی الی اھل المیت حدیث نمبر:1169)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

انسان کو ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی زندگی کو وقف کرے۔ میں نے بعض اخبارات میں پڑھا ہے کہ فلاں آریہ نے اپنی زندگی آریہ سماج کے لئے وقف کردی اور فلاں پادری نے اپنی عمر مشن کو دے دی۔ مجھے حیرت آتی ہے کہ کیوں .... کی خدمت کے لئے اور خدا کی راہ میں اپنی زندگی کو وقف نہیں کر دیتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ پر نظر کر کے دیکھیں، تو ان کو معلوم ہو کہ کس طرح .... کی زندگی کے لئے اپنی زندگیاں وقف کی جاتی تھیں۔

یاد رکھو کہ یہ خسارہ کا سودا نہیں ہے، بلکہ بے قیاس نفع کا سودا ہے۔ کاش .... کو معلوم ہوتا اور اس تجارت کے مفاد اور منافع پر ان کو اطلاع ملتی جو خدا کے لئے اس کے دین کی خاطر اپنی زندگی وقف کرتا ہے۔ کیا وہ اپنی زندگی کھوتا ہے؟ ہرگز نہیں .... (البقرہ:113) اس للّٰہی وقف کا اجر ان کا رب دینے والا ہے۔ یہ وقف ہر قسم کے ہموم وغموم سے نجات اور رہائی بخشنے والا ہے۔

مجھے تو تعجب ہوتا ہے کہ جبکہ ہر ایک انسان بالطبع راحت اور آسائش چاہتا ہے اور ہموم وغموم اور کرب وافکار سے خواستگار نجات ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ جب اس کو ایک مجرب نسخہ اس مرض کا پیش کیا جاوے تو اس پر توجہ ہی نہ کرے۔ کیا للّٰہی وقف کا نسخہ 1300 برس سے مجرب ثابت نہیں ہوا؟ کیا صحابہ کرامؓ اسی وقف کی وجہ سے حیات طیبہ کے وارث اور ابدی زندگی کے مستحق نہیں ٹھہرے؟ پھر اب کونسی وجہ ہے کہ اس نسخہ کی تاثیر سے فائدہ اٹھانے میں دریغ کیا جاوے۔

بات یہی ہے کہ لوگ اس حقیقت سے ناآشنا اور اس لذت سے جو اس وقف کے بعد ملتی ہے۔ ناواقف محض ہیں؛ ورنہ اگر ایک شمہ بھی اس لذت اور سرور سے ان کو مل جاوے، تو بے انتہا تمناؤں کے ساتھ وہ اس میدان میں آئیں۔

میں خود جو اس راہ کا پورا تجربہ کار ہوں اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل اور فیض سے میں نے اس راحت اور لذت سے حظ اٹھایا ہے۔ یہی آرزو رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں زندگی وقف کرنے کے لئے اگر مر کے پھر زندہ ہوں اور پھر مروں اور زندہ ہوں تو ہر بار میرا شوق ایک لذت کے ساتھ بڑھتا ہی جاوے۔

پس میں چونکہ خود تجربہ کار ہوں اور تجربہ کر چکا ہوں اور اس وقف کے لئے اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ جوش عطا فرمایا ہے کہ اگر مجھے یہ بھی کہہ دیا جاوے کہ اس وقف میں کوئی ثواب اور فائدہ نہیں ہے، بلکہ تکلیف اور دکھ ہوگا۔ تب بھی میں .... کی خدمت سے رک نہیں سکتا۔ اس لئے میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اپنی جماعت کو وصیت کروں اور یہ بات پہنچا دوں آئندہ ہر ایک کا اختیار ہے کہ وہ اسے سنے یا نہ سنے! اگر کوئی نجات چاہتا ہے اور حیات طیبہ یا ابدی زندگی کا طلبگار ہے، تو وہ اللہ کے لئے اپنی زندگی وقف کرے اور ہر ایک اس کوشش اور فکر میں لگ جاوے کہ وہ اس درجہ اور مرتبہ کو حاصل کرے کہ کہہ سکے میری زندگی، میری موت، میری قربانیاں، میری نمازیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔ اور حضرت ابراہیمؑ کی طرح اس کی روح بول اٹھے۔ .... (البقرہ:132) جب تک انسان خدا میں کھویا نہیں جاتا، خدا میں ہو کر نہیں مرتا وہ نئی زندگی پا نہیں سکتا۔

(ملفوظات جلد اول ص 369)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔
اس سے بڑھ کر کوئی کتاب پسند نہیں قرآن کافی کتاب ہے۔ (الفضل 12/نومبر 1913ء)

جرمنی سے حضور انور کے خطابات

سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ان دنوں دورۂ یورپ پر تشریف لے گئے ہیں۔ احباب جماعت اپنے جان سے پیارے آقا کو ہمہ وقت اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر آن پیارے آقا کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دورہ کے ایم ٹی اے پر لائیو نشر ہونے والے پروگرام کی تفصیل پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل ہے۔

16/اکتوبر 2008ء

لائیو نشریات کا آغاز	**9:30 بجے رات**
خطاب برموقع افتتاح بیت برلن	**10:30 بجے رات**

17/اکتوبر 2008ء

لائیو نشریات کا آغاز	**5:30 بجے شام**
خطبہ جمعہ	**6:00 بجے شام**

احباب جماعت حسب پروگرام استفادہ فرمائیں۔

(نظارت اشاعت)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ

دونوں ڈاکٹرز مورخہ 19۔اکتوبر 2008ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آؤٹ ڈور گراؤنڈ میں جبکہ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ بیگم زبیدہ بانی میں مریضوں کا معائنہ کریں گی۔ خواتین کی سہولت کیلئے ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ کی پرچی استقبالیہ زبیدہ بانی ونگ سے بن سکے گی۔ احباب وخواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور اپنی رجسٹریشن قبل از وقت کروالیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مکرم سید قمر سلیمان احمد صاحب وکیل وقف نو

واقفین نو کی ذمہ داریاں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 3/اپریل 1987ء کو تحریک وقف نو کا اجراء فرمایا۔ اور پھر 10 فروری 1989ء کو خطبہ جمعہ بمقام بیت الفضل لندن میں ان واقفین نو کی تعلیم و تربیت کیلئے 12 بنیادی اصول بیان فرمائے کہ ان واقفین نو میں کون کون سی خصوصیات ہونی چاہئیں۔ جن کے ساتھ ایک واقف زندگی کامیاب ہو سکتا ہے۔ جو درج ذیل ہیں:

1- ہر واقف زندگی بچہ جو وقف نو میں شامل ہے بچپن سے ہی اس کو سچ سے محبت اور جھوٹ سے نفرت ہونی چاہیے۔

2- بچپن سے ہی ان بچوں کو قانع ہونا چاہیے۔ اور حرص و ہوا سے بے رغبت ہونا چاہیے۔

3- ترش روی وقف کے ساتھ پہلو بہ پہلو نہیں چل سکتی۔ ترش رو واقفین زندگی ہمیشہ جماعت میں مسائل پیدا کیا کرتے ہیں اور بعض دفعہ خطرناک فتنے بھی پیدا کر دیا کرتے ہیں۔ اس لئے خوش مزاجی اور اس کے ساتھ تحمل یعنی کسی کی بات کو برداشت کرنا یہ دونوں صفات واقفین بچوں میں بہت ضروری ہیں۔

4- مذاق یعنی مزاح اچھی چیز ہے لیکن مزاح کے اندر پاکیزگی ہونی چاہیے۔

5- قناعت کے بعد غنا کا مقام آتا ہے اور غنا کے نتیجہ میں جہاں ایک طرف امیر سے حسد پیدا نہیں ہوتا۔ وہاں غریب سے شفقت ضرور پیدا ہوتی ہے غنا کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ غریب کی ضرورت سے انسان غنی ہو جائے۔ انسان اپنی ضرورت سے غیر کی ضرورت کی خاطر غنی ہوتا ہے۔ اسلامی غنا میں یہ ایک خاص پہلو ہے جسے نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔ اس لئے واقفین بچے ایسے ہونے چاہئیں جو غریب کی تکلیف سے غنی نہ بنیں۔ لیکن امیر کی امارت سے غنی ہو جائیں اور کسی کو اچھا دیکھ کر انہیں تکلیف نہ پہنچے لیکن کسی کو تکلیف میں دیکھ کر وہ ضرور تکلیف محسوس کریں۔

6- جہاں تک ان کی تعلیم کا تعلق ہے۔ جامعہ کی تعلیم کا زمانہ تو بعد میں آئے گا لیکن ابتداء ہی سے ایسے بچوں کو قرآن کریم کی تعلیم کی طرف سنجیدگی سے متوجہ کرنا چاہیے اور اس سلسلہ میں انشاء اللہ یقیناً نظام جماعت بھی ضرور کچھ پروگرام بنائے گا۔ ایسی صورت میں والدین نظام جماعت سے رابطہ رکھیں۔

7- اس کے علاوہ تعلیم میں وسعت پیدا کرنے کی طرف توجہ کرنی چاہیے اور دینی تعلیم میں وسعت پیدا کرنے کا ایک طریق یہ ہے کہ مرکزی اخبار و رسائل کا مطالعہ کرتا رہے بچپن سے ہی ان واقفین بچوں کو جنرل نالج بڑھانے کی طرف متوجہ کرنا چاہیے۔

8- ہمیں ایسے واقفین بچے چاہئیں جن کو شروع ہی سے غصہ کو ضبط کرنے کی عادت ہونی چاہیے۔ جن کو اپنے سے کم علم کو حقارت سے نہیں دیکھنا چاہیے جن کو یہ حوصلہ ہو کہ وہ مخالفانہ بات سنیں اور تحمل کا ثبوت دیں۔

9- پھر عمومی تعلیم میں واقفین بچوں کی بنیاد وسیع کرنے کی خاطر جو ٹائپ سیکھ سکتے ہوں ان کو ٹائپ سکھانا چاہیے۔ اکاؤنٹس رکھنے کی تربیت دینی چاہیے۔ دیانت پر بہت زور ہونا چاہیے۔ اموال میں خیانت کی کمزوری بہت ہی بھیانک ہو جاتی ہے۔ اس کے بعض دفعہ نہایت ہی خطرناک نتائج نکلتے ہیں۔ وہ جماعت جو خالصتاً طوعی چندوں پر چل رہی ہے۔ اس میں دیانت کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ گویا دیانت کا ہماری شہ رگ کی حفاظت سے تعلق ہے۔ سارا مالی نظام جو جماعت احمدیہ کا جاری ہے۔ وہ اعتماد اور دیانت کی وجہ سے جاری ہے۔

10- واقفین بچوں میں سخت جانی کی عادت ڈالنا نظام جماعت کی اطاعت کی عادت بچپن سے ڈالنا۔ اطفال الاحمدیہ سے وابستہ کرنا۔ ناصرات سے وابستہ کرنا۔ خدام الاحمدیہ سے وابستہ کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ انصار اللہ کی ذمہ داری تو بعد میں آئے گی۔ لیکن 15 سال کی عمر تک خدام کی حد تک تو آپ تربیت کر سکتے ہیں۔ خدام کی حد تک اگر تربیت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے پھر انصار کی عمر میں بگڑنے کا امکان شاذ کے طور پر ہی ہوگا۔

11- واقفین بچوں کو وفا سکھائیں۔ وقف زندگی کا وفا سے بہت گہرا تعلق ہے۔ وہ واقف زندگی جو وفا کے ساتھ آخری سانس تک اپنے وقف کے ساتھ نہیں چمٹتا۔ وہ جب الگ ہوتا ہے۔ تو خواہ جماعت اس کو سزا دے یا نہ دے وہ اپنی روح پر غداری کا داغ لگا لیتا ہے۔

12- جب یہ بچے بلوغت کے قریب پہنچ رہے ہوں گے اس وقت دوبارہ جماعت ان سے پوچھے گی کہ وقف میں رہنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ اگر زندگی کا سودا کرنے کی ہمت ہے اگر اس بات کی توفیق ہے کہ اپنا سب کچھ خدا کے حضور پیش کر دو اور پھر کبھی واپس نہ لو۔ پھر تم آگے آؤ ورنہ تم الٹے قدموں واپس مڑ جاؤ وقف وہی ہے جس پر آدمی وفا کے ساتھ تادم آخر قائم رہتا ہے۔ ہر قسم کے زخموں کے باوجود انسان گھسٹتا ہوا بھی اسی راہ پر بڑھتا ہے۔ واپس نہیں مڑا کرتا۔

آخر میں آپ فرماتے ہیں۔ اللہ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم واقفین کی ایک ایسی فوج خدا کی راہ میں پیش کریں جو ہر قسم کے روحانی ہتھیاروں سے مزین ہو جو خدا کی راہ میں جہاد کرنے کیلئے ضروری ہوا کرتے ہیں۔ اور پھر ان پر ان کو کامل دسترس ہو۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ واقفین نو اب بڑے ہو رہے ہیں۔ چنانچہ اب یہ منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے کہ جماعت کی ضروریات کیا ہیں اور یہ واقفین نو کس طور پر جماعت کی خدمت کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 4 جنوری 2006ء کو بمقام بیت الاقصیٰ قادیان درج ذیل ہدایات ارشاد فرمائیں۔ آپ فرماتے ہیں۔

”اب چونکہ واقفین نو بڑے ہو چکے ہیں۔ اور ان میں سے ایسے بچے جو سکول کی تعلیم مکمل کر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ لے رہے ہیں۔ ان سے رابطہ رکھ کر مستقبل میں جماعتی ضروریات کے حوالہ سے ان کی راہنمائی اور منصوبہ بندی کی ضرورت ہے ان بچوں کو احساس دلایا جائے کہ انہوں نے خود کو وقف کیلئے پیش کرنا ہے۔ خصوصاً میڈیکل کے شعبہ میں بہت ضرورت ہے۔ ڈاکٹرز کی ضرورت ہے۔ جائزہ لیں کہ کتنے ڈاکٹرز تیار ہو سکتے ہیں۔ لڑکیاں مختلف شعبہ جات میں زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کریں۔ ان کو زبانیں سیکھنے کی طرف توجہ دلائیں۔ جو بچے پندرہ سال سے زائد عمر کو پہنچ چکے ہیں۔ ان کی دینی تعلیم کا پروگرام بھی ترتیب دینا چاہئے۔ نصاب تو ابتدائی ہے۔ بعد میں انہیں قرآن مجید۔ احادیث اور جماعتی کتب سے کس طرح واقفیت کروائی جاسکتی ہے۔ اس کے لئے منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ نیز مسلسل رابطہ کے ذریعہ وکالت وقف نو کو علم ہونا چاہئے کہ یہ بچے سکول کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کیا کر رہے ہیں۔ نو مبائعین کی تعلیم و تربیت کیلئے مربیان کے ساتھ ساتھ معلمین کی ضرورت بھی ہے اس طرف بھی بچوں کی رہنمائی کی ضرورت ہے“۔

جہاں تک دینی تعلیم و تربیت کا تعلق ہے۔ سترہ سال تک کی عمر کے بچوں کیلئے نصاب وقف نو مقرر ہے اور اس کی ہر جگہ باقاعدہ کلاسز منعقد ہونی چاہئیں۔ اگر کسی جگہ نہیں ہو رہیں تو انتظامیہ کو اس طرف توجہ دینی چاہئے۔ جن بچوں کا جامعہ احمدیہ یا وقف جدید کی معلمین کلاس میں جانے کا ارادہ ہے۔ اُن کو ان کلاسز سے کافی راہنمائی ہوتی ہے۔ جو بچے وقف نو کی کلاسز میں شامل نہیں ہوتے وہ پھر جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے وقت یا تو ابتدائی تحریری امتحان میں ہی فیل ہو جاتے ہیں یا پھر انٹرویو میں کامیاب نہیں ہوتے۔ عموماً ایسے بچوں کے نمبر بھی کم ہوتے ہیں۔ پھر کسی دوسری فیلڈ میں جانا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ اس لئے انتظامیہ والدین اور واقفین نو اس طرف خصوصی توجہ دیں۔

نمازوں میں باقاعدہ ہونا چاہئے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ جو شخص نماز پنجگانہ کا التزام نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔ آپ تو واقفین نو ہیں۔ آپ کو کسی صورت بھی نمازوں میں سستی زیب نہیں دیتی۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کیا کریں۔ روزنامہ الفضل اخبار ضرور پڑھا کریں۔ اس سے آپ کے دینی علم میں بھی اضافہ ہوگا۔ اور جنرل نالج میں بھی اضافہ ہوگا۔

سترہ سال سے زائد عمر والے واقفین نو قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر پڑھیں۔ اسی طرح حدیث کا مطالعہ کریں اور حضرت مسیح موعود کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔ جہاں تک دنیاوی تعلیم کا تعلق ہے۔ اس ضمن میں حضور انور نے بڑا واضح ارشاد فرمایا ہے کہ:

وکالت وقف نو کے ساتھ مسلسل رابطہ ہونا چاہئے تا کہ جماعتی ضروریات کے مطابق رہنمائی کی جا سکے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ بچے ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی بغیر مشوروں کے اپنے طور پر ایسے شعبہ جات کا انتخاب کر لیتے ہیں۔ جن کی جماعت کو یا تو ضرورت نہیں ہے یا پھر کم تعداد میں ضرورت ہے۔ جبکہ گزشتہ کلاس میں اُن کے حاصل کردہ نمبر بھی ان مضامین کیلئے ناکافی ہوتے ہیں۔ پھر یا تو فیل ہو جاتے ہیں یا نمبر کم آتے ہیں۔ اور اُس فیلڈ میں جب آگے داخلہ نہیں ملتا تو پھر کوئی اور شعبہ اختیار کر لیتے ہیں۔ یوں وقت بھی ضائع ہوتا ہے۔ اور پیسے کا بھی ضیاع ہوتا ہے۔ اگر شروع میں مثلاً میٹرک کے بعد وکالت وقف نو سے مشورہ اور راہنمائی لی جائے تو یہ صورت حال پیدا نہ ہو۔

مثلاً آئندہ بیس سالہ منصوبہ بندی کے مطابق ہمیں کل 35 اکاؤنٹنٹ چاہئیں جبکہ اس وقت تک وکالت وقف نو کی اطلاع کے مطابق 115 واقفین نو اس شعبہ میں بیچلر لیول سے اوپر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اس کے بالمقابل آئندہ بیس سالوں میں 835 ڈاکٹرز کی ضروریات کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ جبکہ اس وقت تک صرف 56 واقفین نو ایم بی بی ایس میں داخل ہو سکے ہیں۔ اسی طرح پیرامیڈیکل سٹاف 1375 کی تعداد میں مطلوب ہے۔ جبکہ اسوقت تک صرف 12 واقفین نو اس شعبہ میں ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں۔ مختلف زبانوں کے 182 ماہرین کی ضرورت ہے۔ جبکہ اس وقت تک صرف 11 واقفین نو مختلف زبانوں میں ڈگری اور ماسٹرز کر رہے ہیں۔ وعلیٰ ھذا القیاس۔ اگر وکالت وقف نو سے رابطہ کر لیا جائے تو یہ صورتحال پیدا نہ ہو۔

اسی طرح حضور انور نے فرمایا ہے کہ ڈاکٹر ضرورت کے مطابق نہیں مل رہے۔ واقفین نو کو اس طرف بھی توجہ دینی چاہئے۔ پھر ایم۔ اے انگلش نہیں مل رہے۔ ٹیچرز کی ضرورت ہے۔ جس کی طرف واقفین نو کی توجہ کم ہے۔ یہ سب ضروریات تعلیمی معیار کو بلند کرنے سے حاصل ہو سکتی ہیں۔ لیکن تعلیمی معیار دن بدن گرتا جا رہا ہے۔ بچوں کی پڑھائی کی طرف یا تو بالکل توجہ نہیں ہے۔ یا پھر جتنی توجہ ہونی چاہئے اتنی توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔ لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ واقفین نو بھی والدین بھی اور نظام جماعت بھی خاص طور پر تعلیمی معیار کو بلند سے بلند تر کرنے کیلئے باہمی مشاورت کے ساتھ منصوبہ بندی کریں اور پھر اس پر موثر عمل درآمد کی ضرورت ہے۔ تا کہ واقفین نو جماعت کے لئے بہترین وجود بن سکیں۔

☆☆☆☆☆☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

محترم مولانا عطاء المجیب راشد صاحب

خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کا ایک اہم تقاضا

نمازوں کے قیام کی طرف خاص توجہ کریں

اللہ تعالیٰ کی سنت کچھ اس طرح سے جاری ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دنیا میں اپنے نبی بھیجتا ہے جو اپنے مفوضہ فرائض سرانجام دیتے ہیں اور ان کے کام کے بعض حصے ابھی تشنہ تکمیل ہوتے ہیں کہ ان کی اس دنیا سے واپسی کا وقت آجاتا ہے۔موت بشریت کا ایک لازمی تقاضا ہے جو بہرصورت پورا ہو کر رہتا ہے۔لیکن اللہ تعالیٰ کی یہ بھی سنت ہے کہ ان انبیاء کی آمد کا جو مقصد ہوتا ہے۔ خداتعالیٰ اس کو نا تمام نہیں رہنے دیتا بلکہ انبیاء کے بعد نظام خلافت کے ذریعہ ان کے مقاصد کی تکمیل کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ پیغام صداقت کی تخم ریزی تو انبیاء کے ہاتھوں ہو جاتی ہے۔ خدائی اذن سے وہ تخم بڑھتا ہے، نشوونما پاتا ہے اور پھل لاتا ہے لیکن اس کو مزید ثمرآور بنانے کے لئے اس درخت کی مسلسل آبیاری اور نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ ضرورت خلافت کے ذریعہ سے پوری ہوتی ہے۔اسی لئے حدیث میں آتا ہے

کہ ہر نبوت کے بعد لازماً خلافت کا سلسلہ قائم ہوتا ہے۔ (کنز العمال جلد 3 ص 119)

اس نظام خلافت کا ایک اور فائدہ یہ ہوتا ہے کہ زمانہ نبوت کی برکات کو ایک تسلسل اور دوام نصیب ہوتا ہے اور انبیاء کرام کے اس دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد بھی ان کے خلفاء کے ذریعہ برکات نبوت مومنین کی جماعت میں جو ایمان اور اعمال صالحہ کے زیور سے آراستہ ہوتی ہیں، جاری وساری رہتی ہیں۔

سیدنا حضرت مسیح موعود نے اس نکتۂ معرفت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

''خلیفہ درحقیقت رسول کا ظل ہوتا ہے اور چونکہ کسی انسان کے لئے دائمی طور پر بقا نہیں۔ لہٰذا خداتعالیٰ نے ارادہ کیا کہ رسولوں کے وجود کو جو تمام دنیا کے وجودوں سے اشرف و اولیٰ ہیں ظلی طور پر ہمیشہ کے لئے تا قیامت قائم رکھے۔ سو اسی غرض سے خداتعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے''۔

(شہادت القرآن۔روحانی خزائن جلد 6 ص 353)

اس زمانہ میں سیدنا حضرت مسیح موعود نے قرآن مجید اور احادیث میں مذکور وعدوں کے مطابق دین حق کی نشاۃ ثانیہ کی بنیاد رکھی اور احیائے دین حق کے لئے ایک عالمگیر جماعت قائم فرمائی۔ آپ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو خدائے علیم وخبیر نے اپنے پیارے کو یہ خبر دی۔ دنیا کے لوگ تو ایسی خبر سے خوفزدہ ہو جاتے ہیں اور راتوں کی نیندیں حرام ہو جاتی ہیں لیکن حضرت مسیح پاک نے یہ خبر سنی تو آپ کے کام کی رفتار تیز تر ہوگئی۔ آپ نے اپنے احباب کو بھی اس خبر سے اطلاع دی اور خاص طور پر ایک کتاب الوصیت کے نام سے لکھی جس میں آپ نے اپنی وفات کے قریب ہونے کا بھی ذکر فرمایا اور ساتھ ہی جماعت کی روحانی زندگی کے تسلسل کے لئے ہمیشہ قائم رہنے والے نظام خلافت کا ذکر فرمایا اور جماعت کی دینی اور انتظامی ترقی کے ایک اہم ذریعہ یعنی نظام وصیت کا بھی تفصیلی تذکرہ فرمایا۔ ان دو نظاموں کا اکٹھے ایک ہی کتاب میں بیان ہونا بھی ایسا امر ہے جو ہر وقت مدنظر رہنا چاہئے۔

اس مذکورہ بالا تناظر میں یہ بات بہت قابل توجہ ہے کہ انہی دنوں میں حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا۔

''ستائیس کو ایک واقعہ''

(بدر 19 دسمبر 1907ء۔تذکرہ مطبوعہ 1977ء ص 745)

اس سے شاید لوگوں کو اس وقت یہ خیال آیا ہو کہ شاید یہ آپ کے وصال کی طرف اشارہ ہے جو ستائیس تاریخ کو ہوگا لیکن عملاً آپ کی وفات 26 مئی 1908ء کو ہوئی لیکن اس کے اگلے روز ایک ایسا اہم واقعہ ہوا جو نہ صرف جماعت کی تاریخ میں ہمیشہ ایک اہم سنگ میل کے طور پر یاد رکھا جائے گا بلکہ ساری دنیا کی تاریخ اور انسانیت کے مستقبل کے ساتھ بھی اس کا بہت گہرا تعلق ہے اور وہ واقعہ خلافت احمدیہ کے قیام کا ہے اور یہی وہ اہم واقعہ تھا جس کی قبل از وقت معین نشاندہی الہام الٰہی میں کی گئی تھی۔

ہر سال 27 مئی کو جماعت احمدیہ میں تاسیس نظام خلافت کی مناسبت سے یوم خلافت منایا جاتا ہے لیکن امسال یہ دن ایک نئی شان کے ساتھ جلوہ گر ہوا۔ 27 مئی 2008ء کا مبارک دن جماعت احمدیہ میں خلافت حقہ کے قیام کی مبارک صد سالہ جوبلی کا دن تھا۔ اس روز MTA کی برکت سے سارے عالم احمدیت نے مرد خدا، سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زبان مبارک سے ایسا زندگی بخش، تاریخ ساز اور ایمان افروز خطاب سنا جس نے ساری جماعت میں ایک نئی زندگی اور تازگی کی روح پھونک دی۔ ساری جماعت امت واحدہ بن کر امام وقت کے دست مبارک پر اس طرح یک جان و دو قالب ہوگئی کہ دشمن بھی اس نظارہ کو دیکھ کر انگشت بدنداں رہ گئے اور پھر جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سب افراد جماعت سے خلافت کی صد سالہ جوبلی کے حوالہ سے، خداتعالیٰ کی قسم کھاتے ہوئے، خلافت احمدیہ سے وفا اور قربانی کا عہد لیا تو جاننے والے جانتے ہیں کہ اس وقت ہر احمدی کس روحانی کیفیت سے گزر رہا تھا۔ ایک ایک احمدی کا ذرہ ذرہ در خلافت پر نثار ہو رہا تھا۔ ہر دل میں جذبات کا تلاطم تھا۔ یہ موقعہ ایسا تھا کہ گویا ساری کی ساری جماعت کو اللہ تعالیٰ نے ایک نئی روحانی پیدائش کے مرحلہ سے گزارا۔ عہد کے بعد دعا کے لئے ہاتھ اٹھے تو گویا اشکوں کا سیلاب بہہ نکلا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہر فرد جماعت کو یہ عہد آفریں موقعہ عطا فرمایا۔ سب نے خوب سنا۔ خوب دیکھا۔ خوب تجربہ کیا اور اس روحانی کیفیت سے اپنی اپنی استعداد کے مطابق خوب کمایا!

ضمناً یہاں یہ ذکر بے محل نہ ہوگا کہ خلافت خامسہ کے بالکل آغاز کے موقعہ پر دنیا نے یہ ایمان افروز نشان دیکھا تھا کہ نومنتخب خلیفہ کے پہلے ارشاد کو سنتے ہی کس طرح سب کے سب احمدی فوراً اس طرح بیٹھ گئے جس طرح لہلہاتی ہوئی فصل ہوا کے تیز جھونکے سے دفعتہً بچھ جاتی ہے اور پھر اب 27 مئی 2008ء کو خلافت کی مبارک صد سالہ جوبلی کے موقعہ پر جب اسی خلیفہ برحق نے ایک آواز دی کہ سب کھڑے ہو جائیں تو دنیا نے یہ ایمان افروز نظارہ بار دگر دیکھا کہ کس طرح سارے کا سارا عالم احمدیت ایک آواز پر کھڑا ہو گیا! سبحان اللہ کیا ایمان افروز نظارہ تھا۔ ایک بیٹھنے کا منظر تھا اور ایک اٹھ کھڑے ہونے کا جلوہ! خلافت کی اطاعت اور جاں نثاری نے کیا کیا جلوے دکھائے!

خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کی یہ بہاریں اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور پیہم انعامات کی بارشیں جن سے ہم ان دنوں اپنے ایمانوں کو تازہ کر رہے ہیں یہ اپنے ساتھ یہ پیغام بھی لے کر آئی ہیں کہ اب وقت آگیا ہے تیز چلنے کا۔ اپنے سب عہدوں کو پورا کرنے کا۔ اپنی سب ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں ادا کرنے کا اور اپنے سب وعدوں کو برحق کر دکھانے کا جو ہم سب نے عہد وفائے خلافت کے موقعہ پر کئے ہیں۔ اب وقت آگیا ہے ان سب وعدوں کو دل وجان سے پورا کرنے کا۔ ان وعدوں کو ہر لمحہ اور ہر آن یاد رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ یہ مقدس عہد جو ہم سب نے اپنے دل وجان سے پیارے آقا کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے باندھا ہے وہ ہمیشہ کے لئے ہماری زندگیوں کا حصہ بن جائے اور ایک لمحہ کے لئے بھی فراموش نہ ہو۔

اس عہد میں یہ بات بھی شامل ہے کہ ہم نظام خلافت کے ساتھ دل وجان سے وابستہ رہیں گے اور اس نظام کی حفاظت اور استحکام کے لئے آخری دم تک جدوجہد کرتے رہیں گے۔ اس جگہ یہ بات بڑی وضاحت سے سمجھنے اور یاد رکھنے کی ضرورت ہے کہ آیت استخلاف میں جہاں ایک طرف اللہ تعالیٰ نے جماعت مومنین سے ایمان اور عمل صالح کی شرط کے ساتھ یہ وعدہ فرمایا ہے کہ وہ انہیں خلافت کے انعام سے نوازے گا وہاں اسی آیت کریمہ کے اگلے حصہ میں یعبدوننی ...... فرما کر مومنین کو ان کی اس ذمہ داری کی طرف بھی توجہ دلائی ہے کہ عبادت الٰہی، جس میں شرک کی ذرا بھر بھی ملونی نہ ہو، ہمیشہ ان کا طرہ امتیاز ہونی چاہئے کیونکہ عبادت اور نماز کا قیام اعمال صالحہ میں سے بہترین اور عظیم ترین عمل ہے اور ان دونوں باتوں کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔

یہ وہ نکتہ معرفت ہے جو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے حالیہ خطبات میں بار بار بیان فرمایا ہے۔ ہر احمدی پر لازم ہے کہ وہ اس نکتہ کو پوری طرح سمجھے اور اس کو اپنے دل میں جگہ دے تا کہ اس صالح بیج کے ثمر کے طور پر اقامۃ الصلوٰۃ کا شیریں پھل اسے نصیب ہوتا رہے۔ حضور انور نے فرمایا ہے:۔

''آج جب ہم خلافت احمدیہ کے سو سال پورے ہونے پر شکر کے جذبات سے لبریز ہیں اور خوشی منا رہے ہیں، دین کے اس سب سے اہم رکن (نماز) کی طرف خاص طور پر ہر احمدی کی توجہ ہونی چاہئے کیونکہ خلافت کا وعدہ ان ایمان والوں کے ساتھ ہے جو نمازوں کے قیام کی طرف توجہ دینے والے ہیں۔ پس اگر حقیقی رنگ میں خلافت کے انعام پر اللہ تعالیٰ کا شکرگزار بننا ہے تاکہ اس انعام سے ہمیشہ فیض پاتے رہیں تو اپنی نمازوں کے قیام کی طرف خاص توجہ دینا ہر احمدی کے لئے انتہائی ضروری ہے''۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 22 فروری 2008ء مطبوعہ روزنامہ الفضل 15/اپریل 2008ء)

پھر آپ نے ایک اور خطبہ جمعہ میں فرمایا۔

''یہ سال جس میں جماعت، خلافت کے 100 سال پورے ہونے پر جوبلی منا رہی ہے یہ جوبلی کیا ہے؟......اس کا مقصد تو ہم تب حاصل کریں گے جب ہم یہ عہد کریں کہ اس 100 سال پورے ہونے پر ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ اس نعمت پر جو خلافت کی شکل میں اللہ تعالیٰ نے ہم پر اتاری ہے، ہم شکرانے کے طور پر اپنے خدا سے اور زیادہ قریبی تعلق پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ اپنی نمازوں اور عبادتوں کی حفاظت پہلے سے زیادہ بڑھ کر کریں گے اور یہی شکرانِ نعمت اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو مزید بڑھانے والا ہوگا''۔

پھر اسی خطبہ جمعہ میں سورہ النور کی آیت 57 کا حوالہ دینے کے بعد فرمایا۔

''خلافت کے انعام سے فائدہ اٹھانے کے لئے قیام نماز سب سے پہلی شرط ہے۔ پس میں جو یہ اس قدر زور دے رہا ہوں کہ ہر احمدی مرد، جوان، بچہ، عورت اپنی نمازوں کی طرف توجہ دے تو اس لئے کہ انعام جو آپ کو ملا ہے اس سے زیادہ سے زیادہ آپ فائدہ اٹھا سکیں''۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 18/اپریل 2008ء مطبوعہ روزنامہ الفضل 17 جون 2008ء)

اللہ تعالیٰ کا ہم سب پر یہ عظیم احسان ہے کہ اس

''نمازوں کے اوقات میں جیسا کہ خداتعالیٰ کا حکم ہے پوری توجہ نمازوں کی طرف رکھو۔تمہارے کام یا تمہارے دوسرے عذر تمہیں نمازیں پڑھنے سے نہ روکیں۔کام کی خاطر نماز کو نہ چھوڑو بلکہ نماز کی خاطر کام کو چھوڑو۔ورنہ یہ بھی ایک مخفی شرک ہے''۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 29/اپریل 2005ء)

نے ہمیں بابرکت دور میں پیدا کیا اور ہمیں یہ توفیق اور سعادت عطا فرمائی کہ ہم خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی منا رہے ہیں۔اس خوش بختی پر ہم جتنا بھی شکر کریں وہ کم ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اپنی ذمہ داریوں کی بھی فکر کرنی چاہئے۔ان ذمہ داریوں میں، جیسا کہ حضورانور نے فرمایا ہے، سب سے اہم بات اور سب سے مقدم شرط قیام نماز ہے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ جوبلی بھی مبارک کرے اور یہ توفیق بھی دے کہ ہم اپنی ساری ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے صحیح معنوں میں اس عظیم موہبت الٰہی پر اللہ تعالیٰ کا حقیقی شکر ادا کرنے والے ہوں۔آمین

تبت تنازعہ کیا ہے؟

تبت جنوبی ایشیا میں آبادی والا دنیا کا بلند ترین خطہ ہے۔4900 میٹر بلند خطے کو دنیا کی چھت قرار دیا جاتا ہے۔یونیسکو اور انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا تبت کو وسط ایشیا کا حصہ سمجھتے ہیں، جبکہ دیگر ادارے اسے جنوبی ایشیا کا حصہ قرار دیتے ہیں۔ساتویں صدی میں بادشاہ سونگ گیمپو کے دور میں اس خطے کا اکثریتی حصہ متحد تھا۔ بعدازاں خطے کی روحانی اور سیاسی قیادت دلائی لامہ کو منتقل ہوگئی۔سترہویں صدی سے 1951ء تک دلائی لامہ اور ان کے نمائندوں کے ہاتھ میں خطے کا انتظام رہا۔تبت کے دارالحکومت کا نام لاسہ ہے۔تبت نے چینی شہنشاہ قنگ کے زوال کے بعد 1911ء میں چین سے آزادی کا اعلان کیا۔1951ء میں چین نے اعلان کیا کہ تبت چین کا حصہ ہے۔جبکہ تبت کا محدود علاقہ بھارت کے قبضے میں بھی ہے۔1951ء چین نے تبت میں اپنی فوجیں داخل کیں اور دلائی لامہ Tenzin Gyatso نے چین کے ساتھ سترہ نکاتی معاہدہ کیا۔جس کے بعد چین نے تبت کو باقاعدہ صوبے کا درجہ دیا۔1954ء میں دلائی لامہ نے پین چین لامہ کے ہمراہ چین کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چین کو پہلی نیشنل پیپلز کانگریس میں شرکت کی۔دلائی لامہ 1956ء میں تبت کی خودمختاری کے لئے قائم کی جانے والی کمیٹی کے سربراہ نامزد ہوئے۔تقریباً تمام ممالک تبت پر چین کے حق کو تسلیم کرتے ہیں۔ بھارت میں موجود تبت کی جلاوطن قیادت کا دعویٰ ہے کہ وہ تبت پر چین کے حق کو تسلیم کرتے ہیں اور ان کی جدوجہد آزادی کے لئے نہیں بلکہ وہ صرف خودمختاری چاہتے ہیں۔تبت کے علاقے آمدو اور مشرقی خام میں 1956ء میں امریکی سی آئی اے کی ایما پر شورش شروع ہوئی، جسے چین نے 1959ء میں طاقت سے دبا دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ اس مہم میں ہزاروں تبّتی باشندے ہلاک ہوئے۔ناکام بغاوت کے بعد دلائی لامہ بھارت فرار ہوگئے۔جہاں انہوں نے سینٹرل تبت انتظامیہ کے نام سے جلاوطن تبّتی حکومت قائم کی۔

مکرم شیخ محمد یوسف قمر صاحب امیر ضلع قصور

ضلع قصور کے خلافت جوبلی پروگرامز

مقامی جلسے

ضلع بھر کی 18 جماعتوں میں ضلعی انتظام کے تحت مقامی جلسہ ہائے یوم خلافت مورخہ 2 مئی سے لے کر 27 مئی کے درمیان منعقد کئے گئے۔جن میں مربیان و معلمین و ضلعی مقررین، ضلعی انتظام کے تحت شرکت کرتے رہے۔ان جلسوں میں مقامی جماعت میں موجود تمام مردوزن کی حاضری یقینی بنانے کی کوشش کی گئی۔ان 18 جلسوں میں حاضری کی کیفیت کچھ یوں رہی۔

خدام 214، انصار 123، اطفال 128، لجنہ 238، ناصرات 78، بچگان 105، نومبائعین 101، مہمان 61، اکثر جماعتوں نے اس موقع پر کھانے کا اہتمام بھی کیا ہوا تھا۔

ضلعی جلسہ

مورخہ 25 مئی 2008ء کو تمام احباب جماعت مردوزن کا ایک ضلعی جلسہ بمقام قطبہ جوڑہ منعقد کیا گیا۔مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہوں کو خوبصورت شامیانے لگا کر۔سٹیج بنا کر اور بڑے بڑے خلافت جوبلی کے فلیکسز آویزاں کر کے سجایا گیا تھا۔مہمان آتے ہی استقبالیہ والے پنڈال میں جاتے۔ جہاں مہمانوں کے کارڈز بنائے جاتے اور مہمانوں کو ٹھنڈا پانی اور چائے پیش کی جاتی۔اس کے ساتھ ہی مختصراً نمائش اور خلافت جوبلی کے سوونیئرز کے سٹالز لگے ہوئے تھے۔ جو تمام حاضرین کی توجہ کا مرکز رہے۔وہاں سے فارغ ہو کر احباب جماعت جلسہ گاہ میں تشریف لاتے رہے۔اسی روز صبح بارش ہوئی جس کی وجہ سے تھوڑی وقتی پریشانی کا سامنا ہوا لیکن احباب جماعت کی دعاؤں کے نتیجہ میں بارش تھم گئی اور موسم اس قدر اچھا اور خوشگوار ہوگیا کہ پنکھوں کی بھی ضرورت نہ رہی۔

جلسہ صبح ساڑھے گیارہ بجے شروع ہو کر دوپہر سوا دو بجے ختم ہوگیا۔

تلاوت، نظم کے بعد اس جلسہ کی افتتاحی گزارشات خاکسار کے حصہ میں آئیں بعدازاں مکرم منیر احمد کریم صاحب کی تقریر تھی۔جس میں انہوں نے تمام خلفاء کے خلافت پر متمکن ہونے کے بعد جو پہلے خطابات ارشاد فرمائے وہ پیش کئے اور بعدازاں مکرم منیر احمد شاہین صاحب مربی ضلع قصور نے اپنے خطاب میں خلافت کی اہمیت اور برکات پر روشنی ڈالی۔

اس جلسہ میں مرکزی نمائندہ کے طور پر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے شرکت فرمائی اور بہت ہی پیارے انداز میں اختتامی خطاب سے نوازا اور دعا کے ساتھ جلسہ کا اختتام ہوا جو محترم حافظ صاحب نے کروائی اور پھر نماز ظہر و عصر ادا کی گئیں۔پھر تمام حاضرین کی جلسہ جن کی تعداد ایک ہزار سے زائد تھی کہ کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔

27 مئی یوم خلافت

اس تاریخی اور برکتوں والے دن کا آغاز 11 جماعتوں میں باجماعت نماز تہجد سے ہوا اور 7 جماعتوں میں انفرادی تہجد ہوئی۔تمام جماعتوں میں اجتماعی دعا اور درس بھی ہوئے۔کل 18 قربانی کے جانور اور 4 صدقے کے جانور ذبح کئے گئے۔ علاوہ ازیں، انفرادی اور اجتماعی طور پر صدقہ بھی دیا گیا اور شیرینیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ بیوت الذکر اور بعض سنٹرز کو خوبصورتی سے غبارے، جھنڈیاں اور خلافت جوبلی کے سٹکرز لگا کر سجایا گیا تھا۔قصور شہر اور دیگر کئی جماعتوں میں چراغاں بھی کیا گیا تھا۔اس دن بچوں نے اور بڑوں نے نئے کپڑے پہنے اور عید سے بڑھ کر خوشی سے اس دن کو منایا۔

اس دن کی مناسبت سے 2 بیوت الذکر ایک کھر یپڑ اور دوسرا قصور شہر مکمل نئے تعمیر کئے گئے۔ 27 مئی والے دن قصور شہر میں ایک میٹنگ ہال کا سنگ بنیاد بھی خاکسار نے رکھا۔

مئی کے مہینہ میں فیکس مشین خرید کر کے لگائی گئی اور دوستوں کو حضور انور کی خدمت میں دعائیہ خطوط بھجوانے کی سہولت بغیر کسی معاوضہ کے مہیا کی گئی۔

مقامی جماعتوں کے حالات اور سہولت کے مطابق بعض جماعتوں میں خطاب حضور انور اپنے اپنے گھروں میں ڈش سنٹرز پر اور بعض جماعتوں میں اجتماعی طور پر سنا گیا۔اس تاریخی خطاب نے اور عہد نے تمام افراد جماعت میں زندگی کی نئی روح پھونک دی اور خطاب کے اختتام پر کھانا پیش کیا گیا۔

اسی طرح قصور شہر میں بھی حضور انور کے خطاب کے بعد رات 10 بجے تمام افراد جماعت قصور شہر، ممبران عاملہ ضلع قصور، و چند صدران کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا جس کا اہتمام ایک کھلی حویلی میں کیا گیا تھا اور مستورات کا انتظام ایک ملحقہ گھر میں تھا۔ دونوں مقامات پر چراغاں کیا گیا تھا اور آنے والے تمام معزز مہمانوں کو ''پھول'' تحفہ خلافت جوبلی پیش کئے جاتے رہے۔اس پروگرام میں تلاوت، نظم کے بعد خاکسار نے حضور انور کا وہ عہد جو دہرایا گیا تھا پیش کر کے دعا کروائی اور پھر کھانے کے بعد یہ بابرکت تقریب بھی رات گیارہ بجے بہت خوشکن ماحول میں اپنے اختتام کو پہنچی۔

سووینئرز

مئی کے آغاز میں ہی ہمارے ضلع قصور کی طرف سے کچھ سووینیئرز تیار کروائے گئے جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(i) لیدر والٹ

(ii) ریگزین کے والٹ

(iii) ٹیبل کلاک

(vi) خوبصورت مگز............

(v) ایک بال پوائنٹ منجانب مجلس انصاراللہ ضلع قصور

(iv) ایک کیلنڈر والی بال پوائنٹ منجانب مجلس خدام الاحمدیہ ضلع قصور

علاوہ ازیں کئی اشیاء لاہور سے منگوا کر سٹالز پر رکھی گئیں۔

ان تمام اشیاء کے سٹالز مختلف میٹنگز ۔ بیوت الذکر اور مقامی اور ضلعی جلسوں پر لگائے جاتے رہے۔

دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ جماعتہائے احمدیہ ضلع قصور ، کارکنان، عاملہ، و دیگر افراد جماعت احمدیہ ضلع قصور کی اس عاجزانہ مساعی کو قبول فرمائے اور ہمیں خلافت احمدیہ سے ہمیشہ وابستہ رکھے اور برکات خلافت سے بھی وافر حصہ عطا فرمائے اور ہمیں خلافت احمدیہ کا سچا اور وفادار بناتے ہوئے خلافت کا سلطان نصیر بھی بنائے۔آمین

امریکہ میں پانچ بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز کا قیام

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جماعت احمدیہ کے نام اپنے پیغام میں جو کہ پندرہ روزہ النور واشنگٹن 15/دسمبر 1982ء کو شائع ہوا امریکہ میں پانچ نئے مشن ہاؤسز اور پانچ بیوت الذکر تعمیر کرنے کے لئے تحریک کی۔ (الفضل 31/مارچ 1983ء)

اس تحریک پر مخلصین نے والہانہ انداز میں لبیک کہا۔حضور نے وعدہ جات کے سلسلہ میں امریکہ کے احباب کو پیغام دیا کہ ہر چندہ دہندہ کم از کم 3800 ڈالرز پیش کر دے تو سلسلہ کی فوری ضروریات پوری ہو سکتی ہیں اور یہ امریکہ کی اقتصادی حالات میں کوئی بوجھ نہیں ہے۔وعدہ کے ساتھ ان کی ادائیگی بھی جلد کر دیں۔جنہوں نے زائد وعدے لکھوائے ہیں وہ ایک حصہ رقم کا جلد ادا کر دیں۔

(روزنامہ الفضل 22/جون 1983ء)

اس تحریک کے بعد خدا کے فضل سے کئی مشن ہاؤسز تعمیر ہوئے ہیں بیوت الذکر بنی ہیں۔مرکزی بیت الذکر بیت الرحمٰن میری لینڈ کی تعمیر ہوئی۔ان کی کل تعداد 40 سے زائد ہو چکی ہے۔

مکرم عبدالحلیم سحر صاحب

لان ٹینس (LAWN TENNIS)

ایک مقبول اور دلچسپ کھیل

﴿قسط اول﴾

لان ٹینس اس وقت بہت مقبول اور دلچسپ کھیل ہے۔ٹیلیوژن کے سپورٹس چینلز میں سے کسی نہ کسی چینل پر لان ٹینس کا کھیل جاری ہوتا ہے اس کھیل میں دلچسپی رکھنے والے اس کو بڑی توجہ سے دیکھتے ہیں۔یہ کھیل پھرتی اور مہارت کا کھیل ہے اس کھیل میں کلائی کی حرکت کا بڑا دخل ہوتا ہے کیونکہ ریکٹ کو پکڑنے کے انداز سے مخالف کھلاڑی دوسری طرف شاٹ اُٹھانے کے لئے حرکت کرتا ہے جبکہ شاٹ لگانے والا کلائی کی مہارت سے اسے دوسری طرف گیند پھینک کر کھلاڑی کو مشکل میں ڈال دیتا ہے۔اس کھیل میں حاضر دماغی اور فٹ ورک کا بڑا دخل ہوتا ہے دوسرا شاٹ کو کنٹرول کرنا اور گراؤنڈ میں اس جگہ گیند کو پھینکنا کہ مخالف کھلاڑی کی پہنچ سے دور ہو۔

دوسرا اس کھیل میں عمدگی اور مہارت سے سروس کروانا بھی بہت اہمیت رکھتا ہے۔اگر آپ کی سروس بہترین اور ایکوریٹ ہے تو دوسرے کھلاڑی پر آپ کا نفسیاتی اثر پڑتا ہے اور آپ کے جیتنے کے چانس زیادہ ہوتے ہیں۔

قدیم تاریخ

لان ٹینس اپنی قدیم تاریخ رکھتا ہے۔یہ بہت سے مراحل سے گزر کر اب جدید کھیل کی صورت اختیار کر گیا ہے۔کھیلوں کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے ملتا جلتا کھیل پانچویں صدی عیسوی میں ایران اور مصر میں کھیلا جاتا تھا۔یہ کھیل بہت سست روی کے ساتھ آگے بڑھا۔مصر اور ایران میں بلے اور ریکٹ کا ایک کھیل رائج رہا۔

آجکل جو لان ٹینس کھیلا جا رہا ہے یہ پرانے زمانے کے فیلڈ ٹینس کی ہی ایک شکل ہے۔یورپ میں یہ کھیل سولھویں اور سترھویں صدی میں شروع ہوا۔1767ء کے دور میں یہ آؤٹ ڈور کھیل کی صورت میں کھیلا جاتا تھا۔انگریزی فوجی کمپنی کے جوان ایک ایسا کھیل کھیلتے تھے جس کا نام فیلڈ ٹینس تھا۔یہ لوگ جسمانی ورزش کے لئے یہ کھیل کھیلتے تھے فیلڈ ٹینس ان کیلئے جسمانی طور پر بہترین ثابت ہوا یہ لوگ ہفتے میں دو مرتبہ دعوت کا انتظام کرتے اس میں کھیل کا پروگرام بھی شامل ہوتا۔انہوں نے سولہ ایکڑ کا میدان بنا رکھا تھا جو بے ترتیب ساتھا کوئی باقاعدہ طور پر بنایا نہیں گیا تھا جیسے جیسے یہ کھیل آگے بڑھتا گیا تو اس میں دلچسپی زیادہ ہوتی گئی۔چنانچہ 1937ء میں اس کھیل کے بارہ میں ایک میٹنگ ہوئی اور اس کے ساتھ ہی اوپن ٹینس کا آغاز ہو گیا۔اوپن ٹینس سے مراد کھلی فضا میں ٹینس کھیلنا۔اسے لانگ ٹینس بھی کہا جاتا تھا۔

ٹینس بہت پرانا کھیل ہے۔شروع شروع میں یہ کھیل فیشن ایبل مکانوں کے ملحقہ لانوں میں کھیلا جاتا تھا۔ٹینس کی ترقی کا سہرا میجر والٹر کلاپٹن ونگ فیلڈ کے سر ہے۔وہ اپنے کھیل کو سفیری سٹرائک کہا کرتا تھا۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ کسی زمانے میں کورٹ یا کھیل کی جگہ کی لمبائی سولہ سو گز ہوتی تھی اور ڈبلز میں ایک کورٹ میں چھ چھ کھلاڑی ایک طرف موجود ہوتے تھے کبھی کبھی سنگلز کے مقابلے بھی ہوتے تھے۔

1874ء میں ونگ فیلڈ نے کھیل کو اس کا قدیم نام یعنی سفیری سٹرائک دیا اور کورٹ کی لمبائی چھبیس گز مقرر کی اور نیٹ کو درمیان سے تین فٹ تین انچ اُونچا کر دیا اس دور میں کھیل کو کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔

1880ء میں نیٹ پوسٹ کا سائز چار فٹ ہو گیا۔1884ء میں بلندی کم کر کے تین فٹ اور چھ انچ کر دی گئی۔

24 مئی 1877ء کو اس کھیل کے باقاعدہ قواعد و ضوابط ایم۔سی۔سی نے جاری کئے اور اس وقت ربڑ کے گیند کا استعمال شروع ہوا۔

پہلا ٹورنامنٹ

9 جولائی 1877ء کو آل انگلینڈ کروکوائٹ اینڈ لان ٹینس کلب نے ایک ٹورنامنٹ کروایا اس سے کھلاڑیوں میں شوق پیدا ہوا اور کھیل ترقی کی طرف گامزن ہو گیا۔جو قواعد و ضوابط بنائے گئے وہ تقریباً آجکل کے قواعد کی طرح ہی ہیں۔ٹینس کی سکورنگ میں 40,30,15 کا استعمال فرانس سے لیا گیا۔لفظ DEUCE بھی فرانسیسی لفظ Deux سے ماخوذ ہے LOVE کا ماخذ فرانسیسی لفظ Poeuf ہے جس کا مطلب ہے انڈا یعنی صفر۔

بین الاقوامی تنظیم

لان ٹینس کی بین الاقوامی نگران تنظیم کا نام انٹرنیشنل لان ٹینس فیڈریشن (ILTF) ہے اس تنظیم کے ساتھ ہر ملک کی قومی تنظیم کا رابطہ رہتا ہے۔لان ٹینس کے مقابلے دو طرح کے ہوتے ہیں

1۔پیشہ ورانہ

2۔شوقیہ یا غیر پیشہ ورانہ

پیشہ ورانہ کھیل کا آغاز 1926ء میں ہوا۔کریمر کو 1947ء میں سب سے زیادہ پیشہ ورانہ کھلاڑی کی حیثیت سے کافی معاوضہ دیا گیا۔انٹرنیشنل لان ٹینس کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ بین الاقوامی مقابلوں کا انعقاد کرے۔آجکل جو بڑے بڑے بین الاقوامی ٹورنامنٹ ہو رہے ہیں ان میں ایک ڈیوس کپ بھی شامل ہے جو کہ قدیم ٹورنامنٹ ہے اس میں بین الاقوامی شہرت یافتہ کھلاڑی شرکت کرتے ہیں۔

یہ ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلا جاتا ہے یعنی جو کھلاڑی میچ ہار جاتا ہے وہ ٹورنامنٹ سے باہر ہو جاتا ہے۔ڈیوس کپ (Davis Cup) کا آغاز 1899ء میں اس وقت ہوا جب مشرقی امریکہ کا کھلاڑی ڈوائٹ ڈیوس مغربی امریکہ کے خلاف کھیلا یہ کھلاڑی عالمی مقبولیت حاصل کرنے کیلئے اپنے باپ کے پاس گیا اور اسے مشورہ دیا کہ وہ ایک ٹرافی وقف کر دے چنانچہ اس ٹورنامنٹ کا آغاز ہوا۔اور اس ٹرافی کا نام ڈیوس کپ رکھا گیا۔جس کا سب سے پہلا میچ 1900ء میں امریکہ نے صفر کے مقابلے میں تین پوائنٹس سے جیت لیا۔

دلچسپ واقعات

لان ٹینس کے کھیل کے دوران دلچسپ واقعات رونما ہوئے جو تاریخ کا حصہ بن گئے بظاہر یہ واقعات ممکن نہیں لگتے لیکن پھر بھی ہوئے۔جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ فرانس، برطانیہ، آسٹریلیا اور امریکہ ٹینس کے چار بڑے (Big Fours) کہلاتے ہیں۔1930ء کی بات ہے خواتین کے مقابلے ہو رہے تھے اور میچ مسز سٹیھرٹ ویٹ اور سگا ویلے ریو کے درمیان ہو رہا تھا گیم کے دوران سب سے زیادہ لمبی ریلی ہوئی جو انیس منٹ جاری رہی اس دوران چار سو پچاس مرتبہ گیند نیٹ کے اوپر سے گزری۔اسی طرح مردوں کے مقابلوں میں سب سے لمبی ریلی کوئین کلب میں 1920ء میں بی۔ائی۔سی۔نارٹن اور ایف جی ،لو کے درمیان ہوئی اس ریلی میں دو سو سٹروک کھیلے گئے۔

ٹینس کے سٹار کھلاڑی ایم جے سینگسٹر کی سروس کی رفتار 1963ء میں (جب اس کی پیمائش کی گئی) ایک سو چون میل فی گھنٹہ تھی۔لان ٹینس کی تاریخ کا طویل ترین میچ اگست 1967ء میں کھیلا گیا ڈبلز کے اس میچ میں ڈک لیچ اور ڈیل نے ٹامی مازو اور لیمی سکالر کو چھ گھنٹے دس منٹ میں ایک سو ستائیس گیموں کے بعد شکست دی تھی میچ کا سکور 3-6، 49-47، 22-20 رہا۔

مردوں کے سنگلز کا دلچسپ اور طویل میچ نومبر 1966ء میں برطانیہ کے روگر ٹیلر اور پولینڈ کے وبزلا گاسی ادرک کے درمیان کھیلا گیا۔یہ میچ روگر ٹیلر نے جیتا سکور 29-27 ، 31-29 اور 6-6 تھا۔گیموں کے اس مقابلے میں چار گھنٹے اور پینتیس منٹ صرف ہوئے۔خواتین کا سنگلز جو سب سے زیادہ طویل میچ تھا وہ امریکہ کی کیتھی بلیک اور میکسیکو کی ایلینا کے درمیان 1966ء میں کھیلا گیا۔

لان ٹینس کا طویل ترین سیٹ کل چھیانوے گیموں کا ہوا۔اس کا سکور 47-49 رہا۔

سب سے مختصر وقت میں جو میچ کھیلا گیا وہ کل اٹھارہ منٹ میں مکمل ہوا۔یہ میچ آسٹریلیا کی خاتون جے۔ای ہارپر اور برطانیہ کی جے سینڈی فورڈ کے درمیان ہوا۔جوجے،ای ہارپر نے جیتا۔

ومبلڈن ٹینس

دنیا میں کھیل کے میدان میں جو سب سے زیادہ مشہور اور بڑا ٹورنامنٹ منعقد ہوتا ہے یعنی ومبلڈن کے میدان میں اسکا آغاز اس طرح ہوا۔یہ 1868ء کی بات ہے ٹینس کے تین شوقین کھلاڑیوں نے جن کے نام ڈمور جونز، ہنری جونر اور جے۔ڈبلیو۔والش تھے۔انہوں نے لان ٹینس کی ترقی کے لئے ایک کلب بنانے کا پروگرام بنایا۔1869ء میں واریل روڈ ومبلڈن میں جگہ کا انتخاب کیا گیا۔1875ء میں اس بات پر غور ہوا کہ گراؤنڈ کا کچھ حصہ لان ٹینس اور کچھ حصہ بیڈمنٹن کیلئے رکھا جائے دو سال بعد کلب کا نام آل انگلینڈ کروکوئٹ اینڈ لان ٹینس کلب رکھا گیا۔

ورلڈ رینکنگ کا اعلان پہلی دفعہ 1914ء میں مردوں میں اور 1925ء میں عورتوں کا کیا گیا۔

1877ء میں پہلی بار ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ منعقد ہوا سپنسر ونیٹو تھ گورے نے یہ چیمپئن شپ جیتی۔اس کے بعد اس کا بیٹا 1901ء سے 1908ء اور 1909ء تک ومبلڈن کا فاتح رہا باپ اور بیٹے کے ومبلڈن چیمپئن بننے کی یہ واحد مثال ہے۔

مس ایم واٹسن خاتون کھلاڑی نے پہلی مرتبہ ومبلڈن ٹورنامنٹ 1884ء میں جیتا۔

14ویں صدی میں لکڑی کے بیٹ نما ریکٹ کا استعمال شروع ہوا۔سٹیرنگ ریکٹ سولھویں صدی میں ایک اطالوی پادری نے شروع کیا۔ٹینس کے کھیل پر سب سے پہلی کتاب بھی اسی پادری نے لکھی۔

سکورنگ

کھیل کی سکورنگ کا طریقہ کار بہت پرانے زمانے کا ہے اور چالیس دراصل پینتالیس کا مخفف ہے ساٹھ پوائنٹ کی پوری گیم کو چار برابر حصوں میں تقسیم کر لیا گیا تھا۔

سروس کا نام سروس اس لئے رکھا گیا کیونکہ ابتداء میں امراء کا شغل تھا لہٰذا ملازم گیند کو ہاتھ سے کورٹ میں پھینک کر گیم کا آغاز کرتا تھا۔

گرینڈ سلام

آجکل لان ٹینس کے بے شمار ٹورنامنٹ سال بھر کے دوران مختلف دنیا کے حصوں میں منعقد ہوتے ہیں۔ان میں چار ٹورنامنٹ بڑے مشہور اور ورلڈ کلاس گنے جاتے ہیں۔انہیں گرینڈ سلام بھی کہا جاتا ہے۔اگر ان کو ترتیب دی جائے تو پہلے آسٹریلین اوپن، پھر فرنچ اوپن، تیسرا ومبلڈن اوپن اور چوتھا یو۔ایس۔اوپن

ٹورنامنٹ ہے ان چاروں بڑے ٹورنامنٹس میں سے ومبلڈن ٹورنامنٹ ایسا ہے جو گراس (گھاس) کورٹ پر کھیلا جاتا ہے۔ باقی تینوں کلے (مٹی کے) کورٹ پر کھیلے جاتے ہیں۔ ومبلڈن ہر سال جون اور جولائی میں منعقد ہوتا ہے۔ پچھلے سال جولائی 2007 میں جو ٹورنامنٹ کھیلا گیا اس میں اس مرتبہ 13 دن میں 13 ایونٹ میں 734 میچز کھیلے گئے 13 ایونٹ سے مراد فیر سنگلز، فیر ڈبلز، ویمن سنگلز، ویمن ڈبلز سینئر مقابلے اور بوتھ مقابلے شامل ہیں۔

اس دفعہ ومبلڈن مقابلوں کی سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ انعام کی رقم مردوں اور عورتوں کی پہلی دفعہ برابر رکھی گئی ہے۔

یہ کوئی فی کس 8 کروڑ سے زائد بنتی ہے۔ یورپ جو عورت اور مرد کی برابری کا سب سے بڑا دعویدار ہے اس سے قبل مردوں کے انعام کی رقم زیادہ رکھتے تھے۔ اس میں عورتوں کے انعام کی رقم کم رکھتے رہے ہیں۔

